www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

WEDNESDAY, OCTOBER 25, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 234 | بدھ، 9 ربیع الثانی، 25 اکتوبر 2023ء، 11 کالم، صفحات 10 قیمت 40 روپے

## میونسپل کمیٹیوں میں انرجی آڈٹ کے بارے میں تربیتی ورکشاپ

لاہور (نمائندہ ایکسپریس) پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے زیر اہتمام انرجی مینجمنٹ، آپریشنز اور مینٹیننس پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت پنجاب کی 16 میونسپل کمیٹیوں کے انرجی آڈٹ کی روشنی میں سامنے آنے والی سفارشات کو لاگو کرنے کے کے لئے ایم سی سٹاف کی استعداد کار کو بہتر کرنا تھا۔ پنجاب سٹیز پروگرام کی تمام 16 پارٹنر میونسپل کمیٹیوں سے سٹاف ٹریننگ ورکشاپ میں موجود تھا جبکہ بورڈ اراکین قمر الزمان اور عماد ملک بھی ٹریننگ میں خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ ٹریننگ میں واسا، پنجاب آب پاک اتھارٹی اور محکمہ بلدیات سے سینئر افسران اسلم خان نیازی، نجیب اسلم، شرجیل خان اور چیف انجینئر لوکل گورنمنٹ خالد حسینی نے شرکت کی، جبکہ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی سے بھی افسران موجود تھے۔ ممتاز آرکیٹکٹ پلانر، پرویز اقبال، چیئرمین بورڈ پی ایم ڈی ایف سی نے ورکشاپ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں جو انفراسٹرکچر اور مشینری ایم سی کو مہیا کی جا رہی ہے اس کے موثر استعمال کی ذمہ داری اب ایم سی سٹاف کی ہے۔

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز لاہور

786/92

محمد حمید الامین

صفحات 10

قیمت 40 روپے

WEDNESDAY, OCTOBER 25, 2023

جلد 8 | بدھ 9 ربیع الثانی 1445ھ 25 اکتوبر 2023ء 11 کاتک 2080ب | شمارہ 268

# انرجی مینجمنٹ، آپریشنز اور مینٹی ننس پر تربیتی ورکشاپ

لاہور (اپنے رپورٹر سے) پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے زیر اہتمام انرجی مینجمنٹ، آپریشنز اور مینٹی ننس پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت پنجاب کی سولہ میونسپل کمیٹیز کے انرجی آڈٹ کی روشنی میں سامنے آنے والی سفارشات کو لاگو کرنے کے کیلئے ایم سی سٹاف کی استعداد کار کو بہتر کرنا تھا۔

MEMBER CPNE

★★★ مظلوم و محروم طبقوں کا ترجمان ★★★

DAILY **FINAL NEWS** LAHORE

ABC CERTIFIED

لاہور، کراچی اور بہاولنگر سے کثیر تعداد میں شائع ہونیوالا جرأت مندلوگوں کا اخبار

# روزنامہ فائنل نیوز لاہور

Live Watch
Finalnewstv.com

چیف ایڈیٹر: جاوید سلیم | ایڈیٹر: ضیا تنولی | ڈپٹی ایڈیٹر: اعجاز یوسفزئی | جوائنٹ ایڈیٹر: اسماء خالد

جلد 13 | بدھ 25 اکتوبر 2023ء 8 ربیع الثانی 1445ھ 9 کاتک 2080ب صفحات 6 قیمت 15 روپے | شمارہ 179



پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے زیر اہتمام انرجی آڈٹ پر تربیتی ورکشاپ

## شہریوں کو بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی کے مشن میں میونسپل کمیٹیز ہماری پارٹنرز ہیں

پرویز اقبال
سید زاہد عزیز

**اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت پنجاب کی سولہ میونسپل کمیٹیز کے انرجی آڈٹ کی روشنی میں سامنے آنے والی سفارشات کولاگو کرنے کے کے لئے ایم سی سٹاف کی استعدادکار کو بہتر کرنا تھا**

**پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں جوانفراسٹرکچراور مشینری ایم سی کو مہیا کی جارہی ہے اس کے موثر استعمال کی ذمہ داری اب ایم سی سٹاف کی ہے اور آج کی اس تربیت کا اہتمام بھی اسی سلسلے میں کیا گیا ہے**

**پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت اس وقت میونسپل سروسز کے 120 سے زائد منصوبے تکمیل کے مختلف مراحل پر ہیں۔ پارٹنرسٹیز میں جاری منصوبوں میں روڈز، پارکس، سیوریج، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس اور واٹر سپلائی شامل ہیں**

لاہور (فائنل نیوز) پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے زیر اہتمام انرجی منیجمنٹ، آپریشنز اور مینٹیننس پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت پنجاب کی سولہ میونسپل کمیٹیز کے انرجی آڈٹ کی روشنی میں سامنے آنے والی سفارشات کولاگو کرنے کے کے لئے ایم سی سٹاف کی استعدادکار کو بہتر کرنا تھا۔ پنجاب سٹیز پروگرام کی تمام سولہ پارٹنر میونسپل کمیٹیز سے سٹاف ٹریننگ ورکشاپ میں موجود تھا۔ جبکہ بورڈ اراکین قمرالزمان اور عماد ملک بھی ٹریننگ میں خصوصی طور پر شریک ہوئے ٹریننگ میں واسا، پنجاب آب پاک اتھارٹی اور محکمہ بلدیات سے سینئر افسران اسلم خان نیازی، نجیب اسلم، شرجیل خان اور چیف انجینئر لوکل گورنمنٹ خالد حسینی نے شرکت کی، جبکہ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی سے بھی افسران موجود تھے۔ ممتاز آرکیٹکٹ پلانر، پرویز اقبال، چیئرمین PMDFC-BOD نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور ورکشاپ کے شرکا سے خطاب بھی کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں جوانفراسٹرکچراور مشینری ایم سی کو مہیا کی جارہی ہے اس کے موثر استعمال کی ذمہ داری اب ایم سی سٹاف کی ہے اور آج کی اس تربیت کا اہتمام بھی اسی سلسلے میں کیا گیا ہے۔ انرجی آڈٹ کی روشنی میں تیار کی گئی سفارشات کے موثر استعمال سے ایم سیز اپنے بجلی اور پٹرول کے اخراجات میں کمی لاسکتی ہے جس سے ان کے پاس شہریوں کو بہتر میونسپل سروسز کی فراہمی کے لئے بجٹ میں زیادہ گنجائش ہو گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت نہ صرف انرجی سیکٹر میں بچت کی جارہی ہے بلکہ ایم سیز کو ری نیوایبل انرجی جیسا کہ سولر کی سہولت بھی دی جا رہی ہے تاکہ ایم سیز پر اس حوالے سے مالی دباؤ مزید کم ہواور پروگرام کے خاتمے کے بعد متعلقہ میونسپل کمیٹی اپنے وسائل سے واٹر سپلائی، سیوریج، روڈز، سٹریٹ لائٹس اور پارکس سمیت دیگر منصوبوں کو چلا سکے۔ سید زاہد عزیز، ایم ڈی، پی ایم ڈی ایف سی نے بھی ٹریننگ ورکشاپ میں شرکت کی اور شرکا سے خطاب کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ ایم سی انرجی بلز پر اپنے بجٹ کا ایک بڑا حصہ خرچ کرتی ہے جس میں گاڑیوں کے لئے پٹرول وغیرہ بھی شامل ہے۔ اس لئے PITCO کنسلٹنٹس سے پی ایم ڈی ایف سی نے سولہ شہروں کی مشینری اور گاڑیوں کا انرجی آڈٹ کروایا ہے تاکہ اس مد میں ان کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی لائی جا سکے۔ آج کی اس ٹریننگ سے ایم سی سٹاف کی انرجی منیجمنٹ کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت اس وقت میونسپل سروسز کے 120 سے زائد منصوبے تکمیل کے مختلف مراحل پر ہیں۔ پارٹنر سٹیز میں جاری منصوبوں میں روڈز، پارکس، سیوریج، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس اور واٹر سپلائی شامل ہیں اور 16 پارٹنر سٹیز میں میونسپل سروس فراہمی کے منصوبوں کی مالیت 37 ہزار ملین سے زائد ہے۔ جبکہ ان شہروں میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت سیوریج کے منصوبوں پر 17 ہزار ملین سے زائد رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ انرجی آڈٹ رپورٹ کے اہم نکات پر ڈائریکٹر PITCO عثمان حمید ملک نے پریزنٹیشن دی۔ جس میں انہوں نے بتایا کہ پارٹنر ایم سیز نے گزشتہ سال کی انرجی آڈٹ رپورٹ سفارشات پر عمل کرتے ہوئے اس مد میں اپنے اخراجات میں خاطر خواہ کمی کی ہے میونسپل کمیٹی جڑانوالہ، اوکاڑہ اور بوریوالہ نے مشترکہ طور پر قریب تیس ملین روپے کی بچت کی ہے۔ اوراب تک میونسپل کمیٹیز کے تین سو سے زائد افسران اور اہلکاروں کو اس حوالے سے تربیت فراہم کی جاچکی ہے جس سے ان اخراجات میں مزید کمی آئے گی اور ایم سیز مزید بہتر طور پر شہریوں کو میونسپل سروسز فراہم کرسکیں گے۔